کتاب الایمان والعقائد، کتاب السنۃ والبدعۃ، کتاب العلم والتاریخ، کتاب التفسیر، کتاب الحدیث، کتاب الدعوۃ والتبلیغ، کتاب التصوف، کتاب الذکر والدعاء، کتاب حقوق المعاشرۃ، کتاب السیر والمناقب، کتاب الطہارات، کتاب الصلوۃ، کتاب الجنائز

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم

ترتیب و تخریج

مولانا محمد زبیر حق نواز

استاذ جامعہ دارالعلوم کراچی

مکتبہ معارف القرآن کراچی ۱۴

فتاویٰ عثمانی جلد اوّل

باہتمام : محمد مشتاق تبریزی

طبع جدید : شوال ۱۴۲۷ھ - نومبر ۲۰۰۶ء

مطبع : زمزم پرنٹنگ پریس کراچی

ناشر : مکتبہ معارف القرآن کراچی

فون : 5031565 - 5031566

ای میل : i_maarif@cyber.net.pk

ملنے کے پتے:

❊ مکتبہ معارف القرآن کراچی
فون: 5031565 - 5031566

❊ ادارۃ المعارف کراچی
فون: 5032020 - 5049733

﴿فصل فی فسخ النّکاح عند کون الزّوج مفقودًا أو عنّینًا أو متعنّتًا أو مجنونًا﴾

(شوہر کے مفقود، نامرد، متعنّت اور مجنون ہونے کی بناء پر فسخِ نکاح کے اَحکام)

زوجۂ مفقود کا حکم

سوال:- مسماۃ ہندہ کا شوہر تقریباً چار سال ہوئے کہ لاپتہ ہو چکا ہے، والدین اور بیوی کے ساتھ بنگلہ دیش سے کراچی آیا، حکومت نے ان کو کسی اور جگہ بھیج دیا اور بیوی کو کیمپ میں رکھا، اس کے بعد سے لاپتہ ہے، ہر چند تلاش بسیار کے بعد بھی کوئی سراغ نہ مل سکا، اب تک ہندہ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہی ہے، ایسی صورت میں ہندہ کیا عقدِ ثانی کر سکتی ہے یا نہیں؟

جواب:- صورتِ مسئولہ میں مسماۃ ہندہ کو یہ حق ہے کہ وہ مسلمان حاکم کی عدالت میں دعویٰ دائر کر کے پہلے یہ ثابت کرے کہ میرا نکاح فلاں شخص سے ہوا تھا، پھر اُس کے بعد گواہوں سے اس کا مفقود اور لاپتہ ہونا ثابت کرے، بعد ازاں عدالت خود بھی مفقود کی تفتیش اور تلاش کرے اور جب پتہ ملنے سے مایوسی ہو جائے تو عورت کو چار سال تک مزید انتظام کا حکم دے، پھر اگر ان چار سال کے اندر بھی مفقود کا پتہ نہ چلے تو مفقود کو چار سال کی مدّت ختم ہونے پر مردہ تصوّر کیا جائے گا، اس وقت حاکم کے پاس دوبارہ درخواست دے کر عدالت سے اُس کے مردہ ہونے کا حکم حاصل کرے، اور پھر چار مہینے دس دن عدّتِ وفات گزار کر وہ دُوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔ اور یہ ساری تفصیل اُس وقت ہے کہ جب کہ عورت مزید چار سال صبر و تحمل اور عفت کے ساتھ گزار سکتی ہو، لیکن اگر عورت کے لئے اتنا عرصہ صبر کرنا مشکل ہو اور گناہ میں مبتلا ہونے کا قوی اندیشہ ہو تو صورتِ مسئولہ میں حاکم کو یہ بھی اختیار ہے کہ وہ چار سال کے بجائے صرف ایک سال انتظار کرنے کا حکم دے، اور ایک سال کے بعد شوہر مذکور

کی طرف سے اس کو طلاقِ رجعی یعنی تین مرتبہ ایامِ ماہواری گزار کر وہ دُوسری جگہ نکاح کر سکے گی۔[1]

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

۱۱/۱۰/۱۳۹۷ھ

(فتویٰ نمبر ۲۸/۱۰۴۳ ج)

---

(۱) "زوجۂ مفقود کے حکم" سے متعلق تفصیل وتحقیق کے لئے حضرت والا دامت برکاتہم کا مصدقہ درج ذیل فتویٰ ملاحظہ فرمائیں:-

سوال:- مفقود کی بیوی کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟ تفصیل سے وضاحت فرمائیں۔

جواب:- مفقود کی بیوی کے لئے اصل حکم تو یہ ہے کہ وہ عفت وعصمت کے ساتھ اپنی زندگی گزارے، لیکن اگر وہ مفقود شوہر کے نکاح سے رہائی حاصل کرنا چاہے تو درج ذیل صورت اختیار کر کے حاصل کرنے کی گنجائش ہے:-

مفقود کی بیوی اپنا یہ مقدمہ مسلمان قاضی کی عدالت میں پیش کرے اور گواہوں سے ثابت کرے کہ میرا نکاح فلاں شخص کے ساتھ ہوا تھا، پھر گواہوں سے اس کا مفقود اور لاپتہ ہونا ثابت کرے، اس کے بعد قاضی خود اپنے طور پر اس کی تفتیش وتلاش کرے، جہاں اس کے جانے کا غالب گمان ہو وہاں آدمی بھیجا جائے، اور جس جگہ جانے کا غالب گمان نہ ہو صرف احتمال ہو وہاں اگر خط ارسال کرنے کو کافی سمجھے تو خطوط ارسال کر کے تحقیق کرے، اور اگر اخبارات میں شائع کر دینے سے خبر ملنے کی اُمید ہو تو یہ بھی کرے۔

الغرض تفتیش وتلاش میں پوری کوشش کرے اور جب پتہ چلنے سے مایوسی ہو جائے تو قاضی، عورت کو چار سال تک مزید انتظار کا حکم دے، پھر ان چار سالوں کے اندر بھی اگر مفقود کا پتہ نہ چلے تو عورت قاضی کے پاس دوبارہ درخواست کرے، جس پر قاضی اس کے مرنے کا فیصلہ سنادے، اس کے بعد چار ماہ دس دن عدتِ وفات گزار کر عورت کو دُوسری جگہ نکاح کرنے کا اختیار ہوگا۔

اور اگر عورت زنا کا شدید خطرہ ظاہر کرے تو ایسی صورت میں چار سال کے انتظار کا حکم ضروری نہیں بلکہ یہ دیکھا جائے گا کہ شوہر کے غائب ہونے کے وقت سے اب تک کم از کم ایک سال کا عرصہ گزر چکا ہے یا نہیں؟ اگر گزر چکا ہو تو قاضی مزید مہلت دیئے بغیر اس وقت بھی نکاح فسخ کر سکتا ہے، اسی طرح اگر زنا میں مبتلا ہونے کا خطرہ تو نہیں لیکن مفقود کا اتنا مال موجود نہیں جو ان چار سالوں میں اس کی بیوی کے نان ونفقہ کے لئے کافی ہو، یا بیوی کے لئے مفقود کے مال سے نان ونفقہ حاصل کرنا مشکل ہو تو اس صورت میں اگر نان ونفقہ دینے کے بغیر کم از کم ایک ماہ گزرا ہو تو قاضی نکاح فسخ کر سکتا ہے۔

واضح رہے کہ آخری ان دونوں صورتوں میں عورت عدتِ وفات کے بجائے عدتِ طلاق گزارے گی، جو قاضی کے فیصلے کے وقت سے شمار ہوگی۔

لی البحر: (قوله: ولا يفرق بينه وبينها: أي بين زوجته، لقوله عليه السلام لي امرأة المفقود: انها امرأته حتى يأتيها البيان، ولقول علي رضي الله عنه فيها: هي امرأة ابتليت فلتصبر حتى يتبين موت أو طلاق اهـ. (ج:۵ ص:۱۶۳).[1]

لی شرح الجليل علی مختصر الخليل: فيؤجل أربع سنين ان دامت لفقتها .... فان لم تدم لفقتها من ماله فلها التطليق لعدم النفقة بلا تأجيل، وكذا ان خشيت على نفسها الزنا فيزاد على دوام نفقتها عدم خشيتها الزنا. (ج:۲ ص:۳۸۵).

ولی حاشية الدسوقي: فيؤجل أي المفقود الحر أربع سنين ان دامت نفقتها من ماله والا طلق عليه لعدم النفقة اهـ. (ج:۲ ص:۴۷۹).[2]

ولی الشرح الصغير: والا فلها التطليق عليه لعدم النفقة .... أي ولم تخش العنت والا فتطلق عليه لضرر فيها اولی من معدومة النفقة. (ج:۲ ص:۶۹۴).[3]

ولی الفقه الاسلامی وادلته للشيخ الزحيلي: ورأى المالكية والحنابلة جواز التفريق للغيبة اذا طالت وتضررت الزوجة بها، ولو ترك لها الزوج مالاً تنفق منه اثناء الغياب، لأن الزوجة تتضرر من الغيبة ضرراً بالغاً، والضرر يدفع بقدر الامكان لقوله صلى الله عليه وسلم: "لا ضرر ولا ضرار" .... وجعلوا حد الغيبة الطويلة سنة فأكثر على المعتمد، وفي قول ثلاث سنوات اهـ. (ج:۷ ص:۵۳۳).[4]

(باقی اگلے صفحے پر)

---

(۱) (طبع ماجديه كوئٹه).
(۲) (طبع دار الفكر بيروت).
(۳) (طبع دار المعارف بمصر).
(۴) (دار الفكر بيروت).

زوجۂ مفقود کے لئے فسخِ نکاح کا طریقۂ کار

سوال:- میری بیٹی مختار بیگم کا نکاح مورخہ ۳۱ راگست ۱۹۷۶ء کو بمقام راولپنڈی ہوا تھا، لڑکا (محمد پیارے جان) دبئی میں ملازم تھا، نکاح کے تقریباً دو ماہ بعد وہ واپس اپنی ملازمت پر دبئی چلا گیا، اس دوران لڑکی کو وہ کراچی تک ساتھ لے گیا اور سارا زیور غائب کر دیا، لڑکے نے کہا کہ گم ہو گیا ہے، اس پر ہم سے اور ہماری لڑکی سے کوئی جھگڑا نہیں ہوا، اُس تاریخ سے آج تک تقریباً دس سال گزر چکے ہیں، ہم نے ان کے تمام رشتہ داروں سے دریافت کر لیا، اس کا کوئی پتہ نہیں، نہ خط ہے، نہ خرچہ ہے، بیوہ ہوں میرا کوئی سہارا نہیں، لڑکی جوان ہے میں پریشان ہوں کیا میں اس کا دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہوں؟ (انوری بیگم)

جواب:- صورتِ مسئولہ میں مختار بیگم کے لئے زیادہ بہتر تو یہ ہے کہ وہ اپنے شوہر کی تلاش جاری رکھے اور فسخِ نکاح نہ کروائے، لیکن اگر وہ شوہر کے بغیر صبر نہ کر سکتی ہو یعنی یا تو اُس کے نفقہ کا انتظام نہ ہو یا اُسے اپنی عفت کے بارے میں خطرہ ہو تو وہ یہ کر سکتی ہے کہ وہ کسی مسلمان حاکم کی عدالت میں دعویٰ دائر کر کے پہلے یہ ثابت کرے کہ میرا نکاح محمد پیارے جان سے ہوا تھا، اس کے بعد گواہوں کے ذریعہ اُس کا مفقود اور لاپتہ ہونا ثابت کرے، اس پر حاکم خود بھی اس کی تفتیش اور تلاش کرے، اور جب پتہ ملنے سے مایوسی ہو جائے تو عورت کو چار سال تک مزید انتظار کا حکم دے، اگر ان چار سال کے اندر بھی مفقود کا پتہ نہ چلے تو اس عدت کے اختتام پر شوہر کو مُردہ تصور کیا جائے گا، اس کے

(۱، ۲). زوجۂ مفقود کے مسئلے سے متعلق مزید تفصیل اور دلائل کے لئے حضرت والا دامت برکاتہم ہی کا مقالہ فتویٰ پچھلے فتویٰ کے حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں۔ (محمد زبیر)

بعد چار ماہ دس دن عدتِ وفات گزار کر مختار بیگم دُوسری جگہ نکاح کرسکیں گی، لیکن اگر مختار بیگم کے لئے چار سال کی مدت گزارنا بھی ممکن نہ ہو، اور چونکہ اس نے دس سال تک پہلے ہی صبر کیا ہے اور عاجز ہوکر درخواست دی ہے، اس لئے معصیت میں مبتلا ہونے کا قوی خطرہ ہو تو اس صورت میں اس بات کی بھی گنجائش ہے کہ حاکم چار سال کے بجائے صرف ایک سال کے انتظار کا حکم دے اور ایک سال گزرنے کے بعد عورت کے طلب کرنے پر اس کا نکاح فسخ کردے، اس صورت میں فسخِ نکاح کے بعد تین ماہواری عدت گزار کر وہ جہاں چاہے نکاح کرسکتی ہے۔[1]

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

۱۳۹۷/۶/۱۲ھ

(فتویٰ نمبر ۲۸/۵۸۴ ب)

Annex vi

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

الجواب حامداً و مصلیاً

۱:- اگر کوئی شوہر ایسا ہو جو باوجود استطاعت کے اپنی بیوی کو نان ونفقہ نہیں دیتا، اور عورت کے پاس نان ونفقہ کا کوئی انتظام نہ ہو اور شوہر طلاق یا خلع کے لیے بھی تیار نہ ہو تو ایسی صورت میں وہ مالکی مذہب کے مطابق اس شوہر سے عدالت کے ذریعہ خلاصی حاصل کرسکتی ہے۔

۲:- خلاصی حاصل کرنے کے لیے عورت اپنا مقدمہ کسی مسلمان جج کی عدالت میں پیش کرے اور یہ ثابت کرے کہ وہ فلاں کی بیوی ہے اور وہ باوجود استطاعت کے اس کو نان ونفقہ نہیں دیتا اور نہ اس کے پاس نان ونفقہ کا کوئی انتظام ہے، جس سے اس کو سخت "ضرر" لاحق ہے اور وہ اس وجہ سے اس کی زوجیت سے نکلنا چاہتی ہے۔

۳:- عورت "فلان" کے ساتھ نکاح اور اس کا مذکورہ زوجیہ گواہوں سے ثابت کرے، اور اگر اس کے پاس گواہ نہ ہوں، یا گواہ ہوں لیکن اس نے پیش نہ کیے تو اگر شوہر عدالت میں حاضر ہو تو اس سے قسم لی جائے گی، اگر اس نے قسم کھانے سے انکار کیا تو یہ سمجھا جائے گا کہ عورت کا دعویٰ درست ہے، اب جج شوہر سے کہے کہ اپنی بیوی کے حقوق ادا کرو، یا طلاق/خلع دو، ورنہ ہم تفریق کردیں گے، اس کے بعد بھی اگر وہ ظالم کسی صورت پر عمل نہ کرے تو قاضی کو اختیار ہے کہ بغیر رجعی طلاق دیئے ہوئے [illegible] کردے۔

۴:- لیکن شوہر یا اس کا وکیل عدالت میں حاضر نہ ہو، جیسا کہ آج کل عموماً ایسا ہی ہے، اور عدالت کے بار بار نوٹس اور سمن جاری کرنے اور شوہر نوٹس اور سمن کے بارے میں مطلع ہونے کے باوجود حاضر عدالت نہ ہوتا ہو، تو اگر بیوی کے پاس گواہ موجود ہوں اور وہ پیش بھی کرے تو جج ان کی گواہی کی بنیاد پر بیوی کے حق فسخ نکاح کا فیصلہ جاری کرے، اور اگر عورت کے پاس گواہ موجود نہ ہوں، یا ہوں لیکن وہ پیش نہ کرے تو شوہر کا بار بار بلانے کے باوجود عدالت میں حاضر نہ ہونا اس کی طرف سے قسم سے انکار (نکول) سمجھا جائے گا، اور اس انکار کی بنیاد پر عدالت شوہر غائب کے خلاف اور بیوی کے حق میں فسخ نکاح کا فیصلہ جاری کرے گی۔

اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ شوہر اگر غائب ہو اور عورت کے پاس گواہ موجود نہ ہوں، یا موجود ہوں لیکن عورت نے پیش نہ کیے تو اس صورت میں اس غائب شوہر کے خلاف اور عورت کے حق میں فیصلہ کس طرح کیا جائے گا؟ تو اس کے بارے میں عرض یہ ہے کہ یہ "قضاء علی الغائب" کا مسئلہ ہے، جو مذہب حنابلہ سے لیا گیا، یعنی ان کے ہاں مدعی کے پاس گواہ ہوتے ہوئے بھی اگر مدعی گواہ پیش نہ کرے، تو مدعا علیہ سے قسم لینا اور اس کی بنیاد پر فیصلہ کرنا درست ہے، یہی موقف حضرات شافعیہ کا بھی ہے، اور حضرات حنفیہ میں سے حضرت امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ بھی اس کے قائل ہیں۔ لیکن اگر مدعا علیہ غائب ہو تو اس پر قسم پیش کرنا چونکہ متعذر ہوتا ہے اس لیے بار بار بلانے کے باوجود اس کا عدالت میں حاضر نہ ہونا اس کی طرف سے قسم سے انکار (نکول) سمجھا جائے گا، اور اب اس انکار کی بنیاد پر مدعی کے حق میں فیصلہ جاری کرنے کے لئے مدعی سے قسم لینا ضروری نہیں، جیسا کہ حنفیہ کا بھی یہی مذہب ہے۔

۵:- بیوی کے لئے ضروری ہے کہ وہ درخواست برائے فسخ نکاح، نان ونفقہ نہ دینے کی بنیاد پر دے، اور جج اپنے فیصلے میں بھی اسی کو بنیاد بنائے۔ "خلع" کا طریقہ کار ہرگز اختیار نہ کرے، اس لئے کہ یک طرفہ خلع شرعاً کسی کے نزدیک بھی جائز اور معتبر نہیں۔ تاہم اگر کسی فیصلے میں بنیاد فیصلہ فی الجملہ صحیح ہو، یعنی شوہر کا "نفقہ" ثابت ہو رہا ہو تاہم عدالت نے فسخ کے بجائے خلع کا راستہ اختیار کیا ہو، اور خلع کا لفظ استعمال کیا ہو۔

(باقی اگلے صفحہ پر)


احسن الفتاوی
تالیف
فقیہ العصر مفتی اعظم حضرت مفتی رشید احمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ
واحد تقسیم کنندگان
ادب منزل ، پاکستان چوک ، کراچی

Annex vii

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

پس اہلِ ذکر سے پوچھ لو اگر تمہیں علم نہ ہو (الانبیاء: ۷)

فتاویٰ ثنائیہ

جس میں

شیخ الاسلام حضرت مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ امرتسریؒ کے
۴۴ سالہ فتاویٰ کو فقہی ترتیب کے ساتھ اس طرح مرتب کر دیا گیا ہے
کہ عبادات و معاملات کا کوئی مسئلہ باقی نہیں رہا

محشی بحواشی شیخ الحدیث حضرت مولانا ابوسعید شرف الدین دہلویؒ

جلد ثانی

مرتبہ

حضرت مولانا محمد داؤد صاحب راز

اسلامک پبلشنگ ہاؤس

۲۔ شیش محل روڈ (نزد داتا دربار) ۔ لاہور

یوسف عزیز پرنٹرز

ہے، تو تجدید نکاح بغیر سفر کئے بذریعہ وکیل کیا جاسکتا ہے

(۴) ایک اور اصولی بات یاد رہے، کہ اگر طلاق کے صحیح طریقہ میں کوئی [illegible]

ہے، تو شبہ کا فائدہ طلاق کے خلاف ہوگا، نہ کہ طلاق کے حق میں۔

حافظ علی بہادر خان [illegible]

ایثار [illegible]

ایک وقت کی تین طلاقیں اور حنفی علماء کا فتویٰ [illegible]

[illegible] کہ زید نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، اور تیسری طلاق [illegible]

کہ میں تیسری طلاق تاکید کے ساتھ [illegible]

ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب | صورت مسئولہ میں اس کی تصدیق [illegible] کہ در مختار میں ہے۔ بلفظ الطلاق [illegible]

اس قول کی بناء پر زید اپنی بیوی سے رجوع کر سکتا ہے۔ واللہ اعلم [illegible]

سید حفیظ اللہ بن احمد غفر لہ امام مسجد [illegible]

اگر تیسری طلاق تاکید کی نیت سے دی تھی تو تین طلاقیں [illegible] رجوع کر سکتا ہے، مگر اس کو کوئی یہ حکم نہیں دے سکتا [illegible]

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ [illegible]

مطبوعہ [illegible] اخبار اہل حدیث دہلی [illegible]

س: ایک لڑکی شادی شدہ ہے، اور عرصہ چار پانچ سال [illegible] آیا لڑکی مذکورہ کا نکاح ثانی ہو سکتا ہے [illegible]

ج: چار سال بعد حسب فتویٰ عدت گذار کر نکاح ثانی [illegible] کا یہی فیصلہ ہے، فقہ کی معتبر کتاب ردالمحتار میں [illegible] عمل کرنا جائز ہے

۲۳ مئی [illegible]

شرفیہ: یہ صحیح ہے، کہ حضرت عمرؓ کا فیصلہ یہی ہے، کہ [illegible] گذار کر پھر عدت وفات گذار کر نکاح ثانی کرے، مگر یہ چار سال [illegible]

[illegible] حاکم کے پاس لے جائے، جب سے چار سال گذارے، اس سے قبل کا اعتبار نہ [illegible] گا، جیسے عام لوگ بلا تفصیل فتوے دے دیا کرتے ہیں۔ قال عبد الرزاق اخبرنا [illegible] ثوری عن یونس بن خباب عن مجاهد عن الفقيد الذی افقد قال دخلت [illegible] الشعب خاستهوتنی الجن فمكثت اربع سنين منذ زفت امرها الينا الحديث [illegible] رواه ايضا ابن ابی شيبة (التلخيص الحبير ص ۳۲۹ ج ۲)

مذاکرہ علمیہ قابل توجہ علماء ابرار

(متعلق نکاح زوجہ مفقود الخبر)

از جناب مولوی محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی

جوں جوں لوگوں کے اخلاق و عادات بگڑتے جاتے ہیں تمدنی معاملات، اور خانگی [illegible] تعلقات کی صورت بھی بگڑتی جاتی ہے، دماغی روشنی اور علمی ترقی تو بے شک بہت ہے [illegible] لیکن عملی حالات جن کا مدار قلبی صلاحیت پر ہے بہت پستی میں ہے، خصوصاً مسلمان جن نے [illegible] روشناسی اور مصلحت بینی کے ساتھ ہی اپنی مذہبی حالت کو بھی کمزور کر دیا ہے، جو اخلاق [illegible] بگڑ گئے ہیں، حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بعثت کے مقاصد میں سے بڑا [illegible] قرار دیتے ہیں، کہ میں مکارم اخلاق کے پورا کرنے کے لئے مبعوث کیا گیا ہوں او [illegible] تے ہیں [illegible] (ترمذی) یعنی تم میں کامل تر وہ ہے، جو اپنے [illegible] سے نیک سلوک کرتا ہے، اور نیز بقرعید کے دن مقام منیٰ میں جو خطبہ مجمع عام میں [illegible] پڑھا تھا، اور آپ کا یہ آخری وعظ تھا، اس میں آپ نے فرمایا تھا استوصوا [illegible] خیرا (بخاری) یعنی میری نصیحت کو جو عورتوں کے ساتھ نیک سلوک کرنے کے [illegible] ہے دل سے قبول کرو، اور نیز فرمایا ان من اکمل المومنین ایمانا احسنهم [illegible] خیارکم خیارکم لنسائه (ترمذی) یعنی کامل الایمان مومنوں سے وہ ہے [illegible] اخلاق میں اچھا ہے اور تم میں سے بہتر وہ ہیں، جو اپنی عورتوں کے حق میں بہتر ہیں،

اس تمہید کے بعد معروض ہے، کہ زمانہ کی ایسی بری حالت کے وقت بعض نا عاقبت [illegible] بے غیرت اور نا اہل لوگ اپنی جوان بیویوں کو چھوڑ کر ایسے روپوش ہو جاتے ہیں [illegible] نہ تو کبھی خرچ بھیجتے ہیں، اور نہ خط لکھتے ہیں، اور کسی ایسے دور دراز علاقے میں چلے جاتے

ہیں، جہاں سے ان کی کوئی بھی خبر زندگی یا موت کی نہیں آتی، اور بعض ان دوسرے علاقوں [illegible] ہی نکاح کر کے وہیں کے ہو رہتے ہیں، ان کی کس مپرس بیویاں تنہائی اور فقر و فاقہ سے تنگ آ جاتی ہیں، کہ پناہ بخدا، بعض وقت عصمت کو بھی خارج لگ جاتا ہے، اور بہت سے واقعات رونما ہوتے ہیں، خاکسار کے پاس جس قدر معاملات بذریعہ عدالت یا [illegible] آتے ہیں، ان میں سب سے زیادہ طلاق ثلاثہ اور مفقود الخبری کے واقعات [illegible] سے دل پر نہایت گھبراہٹ طاری ہوتی ہے کہ مسلمان لوگ مفقودین کے حق [illegible] کرتے ہیں۔

اس بارے میں حنفی [illegible] کا جو عام فتوی ہے کہ خود متاخرین حنفیہ [illegible] کو تسلیم کر کے امام مالک [illegible] فتوی دینا جائز [illegible] صاحب مرحوم نے [illegible] تک [illegible] ہونا چاہیے کہ [illegible] قوی ہے (عمدۃ الرعایۃ) لیکن [illegible] کہتا ہوں اگر [illegible] میرے پاس ایسے واقعات بھی آئے ہیں، کہ ان میں چار سال [illegible] عدت مدید نظر آئے، لہذا علمائے [illegible] کی خدمت میں التماس ہے کہ [illegible] نظر کریں اور نصوص شرعیہ کو ملحوظ رکھ کر اس مسئلہ پر غور [illegible] کہ حضرت [illegible] کہ عورت چار سال کے انتظار کے بعد چار مہینے اور دس دن عدت [illegible] ثانی کرے، فتوی دیتی تھا، یا چار [illegible] بر حالت ادنا [illegible] کی میعاد ضروری ہے، یا ملحوظ ہے، [illegible] (لوتنازیبا [illegible])

[illegible] میں کچھ شک نہیں، کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کوئی واقعہ پیش نہیں ہوا جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا [illegible] ایک میعاد مقرر [illegible] پہلا واقعہ عہد فاروقی کا ہے [illegible] عمر فاروق نے ایسا حکم دیا، اس امر کا علم کہ حضرت عمر [illegible] یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے کہا، حضرت عمر [illegible] تصریح آپ سے منقول نہیں، کہ آپ نے اس کے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کہتا، اور نہ کسی دیگر صحابی نے اس کی بابت کوئی حدیث سنائی، حضرت علی [illegible]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول سے مختلف ہے، اس سے بھی معلوم ہوتا ہے، کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں کچھ بھی منقول نہیں، ورنہ اختلاف اٹھ جاتا، اور یہ روایت [illegible] حدیث حضرت مغیرہ بن شعبہ سے مرفوعا مروی ہے، وہ بالاتفاق محدثین غیر ثابت و ضعیف ہے (بلوغ وسبل) پس جب اس امر کی تصریح نہ قرآن مجید میں ہے، اور نہ زمان نبوی میں ایسا کوئی واقعہ ہوا، اور آثار صحابہ رضی اللہ عنہم اور مذاہب مجتہدین اس میں مختلف ہیں، اور زمانہ سلف میں اس امر میں کسی ایک قول پر اجماع بھی نہیں ہوا، تو دلائل اربعہ میں سے صرف قیاس باقی رہ گیا، سو اس کی رو سے کسی خاص میعاد کا تقرر حکم شرعی نہیں ہو سکتا، کیونکہ خدا تعالیٰ نے زوجات کے متعلق فرمایا ہے۔ ولا تمسکوھن ضرارا (پ ۲۔ بقرہ) نیز فرمایا، فامساک بمعروف او تسریح باحسان (پ ۲۔ بقرہ) نیز فرمایا وعاشروھن بالمعروف (پ ۴۔ نساء) نیز فرمایا۔ فتذروھا کالمعلقۃ (پ ۵۔ نساء) نیز فرمایا۔ وبما انفقوا من اموالھم (پ ۵۔ نساء)

ان آیات سے امور ذیل ثابت ہوتے ہیں۔

(الف) زوجات کے متعلق صرف دو صورتیں جائز ہیں (۱) امساک بالمعروف یعنی نیک سلوک سے عورت کو گھر میں بسانا (۲) یا تسریح باحسان، یعنی بغیر ضرر پہنچانے کے [illegible] چھوڑ دینا۔

(ب) [illegible] ممنوع ہے، وہ یہ ہے کہ نہ آباد کرے [illegible]

(ج) [illegible]

(د) مرد کی قوامیت [illegible] کی وجہ سے [illegible] مفقود کی بیوی کا [illegible] اس کی حالت معلقہ کی ہے، اس کے نفقہ کا کوئی ذمہ دار نہیں ہے، لہذا اسے مفقود کے حق میں دائمی طور پر بیٹھے رہنے کا حکم شریعت [illegible] فطرت کے مطابق اور نہایت مناسب حالت اور با مصلحت اور آسان ہے نہیں دے سکتی، اور صاف ظاہر ہے، کہ خدا تعالیٰ نے زوجین کی آبادی میں عشرت بالمعروف [illegible] ہے، اور ضرر کو پسند نہیں فرمایا، پس عورت کی حالت پر نظر کر کے حقوق ضرر کا لحاظ ضروری ہے، جس کے لئے کوئی مدت مقرر نہیں کی جا سکتی۔

چنانچہ عورت مرد کی خصومت کے وقت مرد کی عورت سے علیحدہ رہنے کی قسم کھا

لینے میں زیادہ سے زیادہ مدت جو خدا تعالیٰ نے مقرر فرمائی ہے، وہ چار مہینے ہے جس کی بنا طبعی تقاضے پر معلوم ہوتی ہے، اور اس کے بعد برے نتائج کا اندیشہ ہے، اسی لئے بعض ائمہ نے ایسے شخص کے حق میں بھی یہی فتویٰ دیا ہے، جو اپنی عورت سے بہ نیت ضرر الگ رہے اگرچہ قسم نہ کھائی ہو، کہ چار مہینے کے بعد اس کا نکاح ٹوٹ جائے گا، یا اسے مجبور کیا جائے گا، کہ عورت کے پاس جاوے یا اسے طلاق دے دے، چنانچہ شرح خمسین میں بذیل حدیث لاضرر و لا ضرار علامہ ابن رجب فرماتے ہیں۔

ومنها فی الایلاء فان الله جعل مدة المولی مدة اربعة اشهر اذا حلف الرجل علی امتناع وطی زوجته فانه یضرب له مدة اربعة اشهر فان فاء رجع الی الوطی کان ذلک توبة وان اصر علی الامتناع لم یمکن من ذلک شرعیه فوقان للسلف والخلف احدهما انها تطلق علیه بمضی هذه المدة اربعة اشهر فقال کثیر من اصحابنا لحکمه حکم المولی فی ذلک وقالوا هو ظاهر کلام احمد وحکی اتفاق جماعة منهم اذا ترک الوطی اربعة اشهر بغیر عذر وطلب صح المفرق بینهما بناء علی ان الوطی عندنا فی هذه المدة واجب اختلفوا هل یعتبر لذلک قصد الاضرار امر لا یعتبر ومذهب مالک واصحابه اذا ترک الوطی من غیر عذر وطلبت امرأته قدومه فابی فقال مالک واحمد واسحق یفرق الحاکم بینهما وقدره احمد بتة اشهر واسحق بمضی سنین (صفحہ ۳۲۰ شرح خمسین حدیث)

اور بعض ضرر ایلاء کے متعلق ہیں، سو خدا تعالیٰ نے اس کا ضرر دور کرنے کے لئے مولی کی مدت چار مہینے مقرر کی ہے، یعنی جب کہ کوئی آدمی اپنی عورت سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھالے، تو اس کے لئے چار مہینے کی مدت مقرر کی جائے، اگر اس مدت میں قسم سے رجوع کر کے وطی کرلے، تو یہ اس کی توبہ ہو جائے گی، اور اگر ترک وطی پر قائم رہے تو اسے زیادہ موقع نہیں دیا جائے گا، اس امر میں علمائے سلف اور خلف کے دو قول ہیں ایک یہ کہ عورت بمجرد اس مدت کے گذرنے کے آزاد ہو جاتی ہے، دوسرا یہ کہ معاملہ اس امر پر موقوف کر رکھا جائے، اگر مرد باز آجائے تو بہتر ورنہ اسے طلاق کا حکم کیا جائے، اور اگر عورت کو

ضرر پہنچانے کے ارادے سے بغیر قسم کھائے کے چار مہینے کی مدت تک صحبت ترک کئے رکھے، تو ہمارے بہت سے اصحاب احناف کا قول یہ ہے، کہ اس کا حکم بھی مولی (قسم کھالینے والے) کا حکم ہے، چنانچہ وہ کہتے ہیں، کہ امام احمد کے کلام کا ظاہر رخ یہی ہے اور اسی طرح ان میں سے بہت سے علماء نے کہا ہے، کہ جب مرد بغیر عذر کے چار مہینے کی مدت تک وطی ترک کئے رکھے، اس کے بعد عورت جدائی طلب کرے، تو ان دونوں میں جدائی کر دی جائے، اس بنا پر کہ ہمارے نزدیک اس مدت میں صحبت واجب ہے، لیکن اس امر میں اختلاف ہے، کہ مقصد ضرر کا اعتبار کیا جاوے یا نہ کیا جاوے، اور امام مالک اور آپ کے اصحاب کا یہ مذہب ہے، کہ اگر بغیر عذر کے وطی ترک کر دے، تو اس کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے، لیکن مدت کے اندازے میں اختلاف ہے، اور اگر بغیر عذر کے مرد سفر بہت مدت رہے، اور اس کی عورت اس کو گھر پر آنے کی بابت کہے، اور وہ انکار کرے، تو امام مالک اور امام احمد اور امام اسحاق یہ کہتے ہیں، کہ حاکم وقت ان میں تفریق کر دے، اور امام احمد رح کے نزدیک چھ مہینے کی مدت کہی ہے، اور امام اسحق کے دو سال۔

اس سے صاف ظاہر ہے، کہ طبعی تقاضے کا لحاظ کر کے ائمہ کرام کی نظر مدت مدید پر نہیں پڑی، ورنہ یہ سب صورتیں زوجہ مفقود الخبر کی نسبت سہل اور قابل برداشت ہیں۔

مقدمہ نکاح ہی میں ایک مثال جس میں امور مذکورہ بالا ملحوظ ہیں زوجہ مجنون ہے جس کی نسبت حدیث شریف میں وارد ہے۔ امراتک ممن تعول تقول اطعمنی و الا فارقنی یعنی تیری بیوی تیرے عیال میں سے ہے جو زبان حال و قال کہتی ہے مجھے کھانے کو دے، ورنہ چھوڑ دے۔

نیز وارد ہے۔ ان النبی صلی الله علیه وسلم فرق الرجل لایجد ما ینفق علی امراته قال یفرق بینهما (منتقی) یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے حق میں جو اپنی عورت کا نفقہ ادا نہ کر سکتا ہو، یہ فرمایا، کہ ان میں جدائی کرا دی جائے۔

نیل الاوطار میں بذیل حدیث اول کہا ہے، استدل به وبحدیث ابی هریرة الآخر علی ان الزوج اذا اعسر عن نفقة امراته اختارت فرقة فرق بینهما والیه ذهب جمهور العلماء کما حکاه فی فتح الباری یعنی اس حدیث سے اور دوسری حدیث سے جو حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے اس پر استدلال کیا گیا ہے، کہ جب خاوند

اپنی عورت کے نفقہ ادا کرنے سے عاجز ہو اور عورت طلاق کی طلب گار ہو تو ان میں تفریق کردی جائے جمہور علماء کا یہی مذہب ہے جیسا کہ حافظ صاحب نے شرح البخاری میں ذکر کیا ہے

اس کے بعد امام شوکانی نے اختلاف علماء کا ذکر اور ہر ایک کی دلیل و جواب کا ذکر کرکے کہا ہے وظاہر الادلۃ انہ یثبت الفسخ للمرأۃ بمجرد عدم وجدان الزوج لنفقتہا بحیث یحصل علیہا ضرر من ذلک یعنی دلائل سے یہی ظاہر ہوتا ہے اس کے کہ خاوند عورت کا خرچ ادا کرنے سے عاجز ہو، عورت کو ضرر پہنچنے کی صورت میں فسخ نکاح کا حق حاصل ہو جاتا ہے

مفقود کی زوجہ کو معسر کی زوجہ پر قیاس کرنا صحیح بلکہ اولیٰ ہے، لہٰذا اس کی نسبت عورت کے مطالبہ کے وقت فسخ کا حکم دیا جا سکتا ہے، اور انتظار کے لئے کوئی مدت ضروری معلوم نہیں ہوتی، کیونکہ شریعت نے اس کے متعلق کوئی قید نہیں لگائی جبکہ اعسار کے وقت جب خاوند موجود بھی ہے، اور عورت کو اس سے بعض حقوق بھی ہیں، فسخ نکاح کا حکم دیا ہے، تو مفقود کی بیوی اس حکم کی زیادہ مستحق ہے، کیونکہ اس کو نام نہاد خاوند سے کوئی بھی فائدہ نہیں، اور اس کی عدم موجودگی سے اسے سخت ضرر ہے اور اس کی صورت معلقہ کی ہے، کہ نہ آباد ہے نہ آزاد۔

اسی طرح سبل السلام میں اس حکم کو جو ہم نے تحقیق کیا ہے ترجیح دی ہے

وقال الامام یحیی لا وجہ للتربص لکن ان ترک لہا الغائب ما یقوم بہا کالحاضر اذ لم یفتہا الا الوطی وھو حق لہ لا لہا وا لا فسخہا الحاکم عند مطالبتہا من دون انتظار لقولہ تعالیٰ ولا تمسکوھن ضرارا ولحدیث لا ضرر ولا ضرار فی الاسلام والحاکم وضع لرفع المضارۃ فی الایلاء والظہار وھذا الفسخ مشروع بالعیب ونحوہ قلت وھذا احسن الاقوال وما سلف عن علی اقوال موقوفۃ وفی الارشاد لابن کثیر عن الشافعی بسندہ الی ابی الزناد قال سالت سعید بن المسیب عن الرجل لا یجد ما ینفق علی امراتہ قال یفرق بینہما قلت سنۃ قال سنۃ قال الشافعی الذی یشبہ ان یکون قول سعید سنۃ ان یکون سنۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وطول فی الکلام

فی ھذا فی حواشی ضوء النہار واخترنا الفسخ بالغیبۃ او بعدم قدرۃ الزوج علی الانفاق (سبل السلام جلد ثانی ص ۱۱۷)

امام یحییٰ کا قول ہے، کہ انتظار کی کوئی وجہ نہیں لیکن گم شدہ خاوند اپنی عورت کے لئے کچھ مال جس سے وہ گذارہ کرسکے، چھوڑ گیا، تو گویا وہ حاضر ہی ہے، کیونکہ عورت کا کوئی بھی فائدہ سوائے وطی کے گم نہیں ہوا، اور وطی مرد کا ہے، نہ کہ عورت کا، اور کچھ نہیں چھوڑ گیا، تو حاکم وقت عورت کے مطالبہ پر بغیر انتظار کے نکاح فسخ کردے، کیونکہ خدا تعالیٰ نے فرمایا اور عورتوں کو ضرر دینے کے لئے بند نہ رکھو" اور نیز حدیث میں ہے "اسلام میں ضرر دینا جائز نہیں" اور حاکم تو ایلاء اور اظہار وغیرہ میں دفع ضرر کے لئے مقرر کیا گیا ہے، اور یہ معاملہ تو ان صورتوں سے بہت بڑھ کر ہے، اور فسخ نکاح کسی عیب کے سبب سے بھی جائز ہے، اور اسی طرح دیگر وجوہ سے بھی (صاحب سبل السلام کہتے ہیں) میں کہتا ہوں، یہ قول یعنی امام یحییٰ کا بہت بہتر ہے، اور حضرت علی رضا اور حضرت عمر رضی سے جو قول اوپر گذر چکے ہیں، وہ سب موقوف ہیں، اور ابن کثیر کی کتاب الارشاد میں لکھا ہے، امام شافعی کی روایت سے سند کو ابو الزناد تک پہنچا کر، کہ ابو الزناد نے کہا، میں نے سعید بن مسیب (تابعی) سے کہا، اس شخص کی بابت پوچھا، جو اپنی عورت کے نفقہ کے لئے کچھ بھی نہ رکھتا ہو، تو انہوں نے کہا، ان دونوں میں تفریق کرادی جائے، میں نے پھر پوچھا کیا یہ حکم سنت ہے، تو حضرت سعید نے کہا ہاں سنت ہے، امام شافعی کہتے ہیں، سعید کا یہ کہنا، کہ یہ امر سنت ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کی مراد اس سے سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے، اور ہم نے حواشی ضوء النہار میں اس مسئلہ پر طویل کلام کیا ہے، اور ہم نے حکم فسخ کو ایک تو خاوند کی غیر حاضری کے سبب اور ایک انفاق پر قادر نہ ہونے کے سبب اختیار کیا ہے۔

امام یحییٰ کے قول میں حکم فسخ بغیر انتظار تو موافق حکم زوجہ معسر ہے لیکن حق وطی کو جو صرف مرد کے متعلق کیا ہے، اور اس پر فسخ کا حکم نہیں لگایا، نتیجہ معلوم نہیں ہوتا ہے، کیونکہ زوجہ مجنون و مجذوم کے لئے بھی عند المطالبہ نکاح فسخ ہو سکتا ہے، حالانکہ ان دونوں صورتوں میں مال و وطی دونوں ہو سکتے ہیں، اگر مرد کے حق وطی کے یہ معنی کئے جاویں، کہ مرد کی طلب پر عورت کو گنجائش انکار نہیں، اور عورت کی طلب پر مرد پر تعمیل ضروری نہیں تو یہ درست ہے لیکن یہ ہرگز درست نہیں، کہ درت العمر مرد اپنی عورت سے تعلق زن و شوہر جو اصل مقصود اور ذہن میں بالطبع معہود

ہوتا ہے نہ کہے، تو اس پر بھی مرد قصوروار قرار نہ دیا جاوے، حدیث ان لزوجك علیك حقا اور کما قال اس حق کو عورت کے لئے صاف ثابت کر رہی ہے، اور اس حدیث کے معنی سوائے حق وطی کے اور کچھ بھی نہیں ہو سکتے، پس جب مفقود کی بیوی کو دونوں فائدے حق وطی اور حق نفقہ حاصل نہیں، تو ان کا نکاح فسخ کر دینا بالکل درست ہے، ہاں اگر عورت اپنی مرضی سے صبر کرکے بیٹھی رہے، اور طالب فسخ نکاح کی نہ ہو تو اسے اختیار ہے لیکن وہ فسخ کی طالب ہو، اور نکاح ثانی کی درخواست کرے، اور اس کی حالت زار اس کی دائمی منظوری کی خاص سفارش کرتی ہو، تو سوائے فسخ کے کوئی صورت نہیں، کیونکہ دین یسر ہے نہ عسر ہے، مفقود نے اپنا حق ان حقوق کے ادا نہ کرنے سے جو خدا تعالیٰ نے اس کے ذمے کئے تھے، خود زائل کیا ہے

حضرت شیخ الوقت مجتہد العصر حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ بھی ازالۃ الخفاء میں مفقود کی حالت کے قیاس کرنے کے متعلق فرماتے ہیں:-

والاوجہ عندی ان المفقود لہ وجہان یدخل بہما تحالہ فی عموم الشرع احدہما انہ فوت الامساك بالمعروف. فوجب علیہ التسریح بالاحسان فلما ان قصر فی التسریح ناب الشرع عنہ کما ینوب القاضی فی بیع مال المدیون وثانیہما انہ میت فی ظاہر الحال ونحن نحکم بالظاہر (ازالۃ الخفاء ۱۲) الخ

میرے نزدیک یہی زیادہ مناسب ہے، کہ مفقود دو وجہ سے عمومات شرع کے ضمن میں آسکتا ہے، ایک یہ کہ اس نے امساک بالمعروف فوت کر دیا، پس تسریح اس پر واجب ہے لیکن چونکہ وہ طلاق دینے سے بسبب غیر حاضری کے قاصر ہے اس لئے شرع اس کی طرف سے طلاق دینے میں نائب ہو جائے گی، جیسے قاضی ہو جایا کرتا ہے اس شخص کا مال فروخت کر دینے میں جو قرض کے ادا کرنے میں دیر کرے دوسری یہ کہ وہ مفقود ظاہر حال میں میت ہے، اور ہم ظاہر پر حکم کرنے کے مکلف ہیں الخ بعد حضرت شاہ صاحب نے مجنون کی بیوی اور معسر کی بیوی کو اس کی نظائر کہا ہے۔

نظر بریں ہماری ناقص سمجھ میں یہی آتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ فیصلہ کوئی دائمی حکم نہ تھا بلکہ حالات زمانہ کے تحت اقتصادی تھا، اس وقت اتنی مدت خبر کے نکلنے کے لئے دی گئی تھی لیکن اس وقت چار سال ایک مدت مدید ہے، اس کے اندر بھی کامل طور پر

الخبری کا ہو سکتا ہے، لہٰذا چوتھا یا چار سال کا انتظار کرا کے بیکس و لطیف چیز کو تکلیف دینا مقرون بمصلحت نہیں، علماء راسخین سے امید ہے، کہ اس مسئلہ پر تحقیقی نظر ڈال کر میری تائید یا اصلاح کر دیں گے۔

میں ھوت اپ کا تابعدار سیالکوٹی۔ ۸ر جنوری ۱۹۱۵ء

س:- زید بحالت غربت اٹھائیس سال ہوئے تین بھائی چھوڑ کر مفقود الخبر ہے۔ صورت اس کی مفقودی کی یہ ہوئی، کہ بغیر کسی لڑائی جھگڑے فساد کے یا کسی طرح کی ناراضگی کے گھر سے سفر پر چلا گیا، پھر باوجود تلاش کے کوئی پتہ نہ ملا، اس کے نو سال نکلنے کے بعد زید کا ایک بھائی ایک بیٹا، بیٹیاں چھوڑ کر مر گیا، پھر دوسرا بھائی بھی گیارہ سال کے بعد اولاد نرینہ و اناث چھوڑ کر مر گیا، اس وقت زید کا ایک بھائی اور دو بھائیوں کی اولاد موجود ہے، اور زید اسی طرح مفقود الخبر ہے، سوال یہ ہے، کہ کیا زید کا مال تقسیم ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اگر ہو سکتا ہے تو کس طرح بینوا توجروا۔

ج:- اقول لاحول ولا قوۃ الا باللہ العزیز الحکیم۔ مفقود الخبر کی زوجہ کے متعلق خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹے ابن عمر رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کے ہاں یہ ہے، کہ چار سال انتظار کرنے کے بعد بحکم قاضی دوسری جگہ بعد عدت متوفاۃ کی گذار کر نکاح کرے، نیز تابعین، امام نخعی و عطاء و مکحول و شعبی و زہری رحمہم اللہ کے نزدیک بھی یہی فتویٰ ہے اور ان حضرات کا مفقود کی بیوی کو عدت وفات کا فتویٰ دینا بتلاتا ہے، کہ مفقود کو چار سال کے بعد متوفی مقرر کرتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہے، کہ چار سال کے بعد اس کا میراث بھی تقسیم کیا جاوے لیکن فقہائے حنفیہ رحمہم اللہ کا فتویٰ ان کی بیوی اور میراث دونوں کی نسبت مختلف ہے، فتاویٰ بزازیہ کتاب الفرائض میں ہے، وقت ابوحنیفۃ بروایۃ الحسن عنہ مائۃ وعشرین سنۃ وقال بعضہم تسعین وبعضہم سبعین وقال بعضہم موکول الی رای القاضی فاذا مضت المدۃ ورثہ من کان حیا من ورثتہ یعنی حسن امام ابوحنیفہ سے روایت کرتے ہیں، کہ انہوں نے مفقود کے لئے اس کی ولادت سے ایک سو بیس سال مقرر کئے، اور ابو یوسف نے سو سال روایت کئے، اور بعض فقہائے نوے سال کا فتویٰ دیا، اور بعض نے ستر سال کا، اور فقہائے حنفیہ نے کہا کہ قاضی کی رائے پر سپرد ہے، موجب یہ مدت ختم ہوگی، اس وقت اس کے وارثوں میں سے جو زندہ

ہوں گے وہی وارث ہوں گے

اور امام احمد نے جو بہت سے مسائل میں امام ابوحنیفہ کے موافق ہوا کرتے ہیں اس میں تفصیل کی ہے۔ تفصیل حنابلہ کے ہاں جس طرح مقنع لابن قدامہ میں ہے۔ اذا انقطع خبرہ لغیبۃ ظاہرہا السلامۃ کالتجارۃ ونحوہا انتظر بہ تمامہ تسعین سنۃ من یوم ولد وعنہ ینتظر بہ ابدا وان کان ظاہرہا الہلاک کالذی یفقد من بین اہلہ او فی مفازۃ مہلکۃ او فی البحر اذا غرقت سفینتہ انتظر بہ تمام اربع سنین ثم تقسم مالہ۔ یعنی جب آدمی کی خبر کسی ایسی غیوبت سے کٹ جاوے کہ جس کا ظاہر سلامتی ہے جیسے تجارت وغیرہ میں جانا، تو اس کی ولادت سے نوے سال انتظار کی جاوے، اور ایک روایت میں یہ ہے کہ ہمیشہ انتظار کرتے رہیں گے، اور اگر ظاہر ہلاکت ہو، جیسے وہ شخص کہ اپنے گھر میں سے ہی گم ہو جاوے (جیسے ہماری مسئولہ صورت) یا کسی مہلک جنگل کو گیا ہو یا دریا پر سوار ہوا ہے، اور اس کی کشتی غرق ہو گئی ہے (تو ان صورتوں میں) پورے چار سال انتظار کریں گے، پھر اس کا مال تقسیم کیا جائے گا۔

خلاصۃ المرام آنکہ زید مفقود الخبر ہذا کو اس کے نکلنے کے وقت سے چار سال بعد متوفی مقرر کیا جاوے گا، جس طرح کہ مقنع فقہ حنبلی میں مسئلہ کی تفصیل بتلائی۔ فتاوی بزازیہ فقہ حنفی میں بعض فقہائے حنفیہ کا قول بیان کیا ہے، اور اس کے متروکہ کو اس کے ہر سہ بھائیوں پر برابر تقسیم کیا جائے گا، پھر زید کے دو متوفی بھائیوں کی طرف سے دونوں نرینہ اور مادینہ اولاد کو "للذکر مثل حظ الانثیین" دیا جائے گا۔ خیر الخلائق ملک ہے وتقسم مالہ بعد اربع سنین فان قدم بعد ما قسم ما وجدہ بعینہ ورجع بالباقی علی من اخذہ۔ یعنی چار سال بعد اس کا مال بانٹ دیا جائے گا پھر اگر بانٹے جانے کے بعد آجاوے، تو جو اس کے متروکہ میں اس کی خاص موجود ہوگی، وہ لے لے گا، اور باقی لینے والے سے واپس لے لے گا۔ ہذا والعلم

نیز مولوی عبدالحی صاحب لکھنوی حنفی المذہب نے جو قریب زمانہ کے اہل علماء ہیں اپنے فتاوی میں ایک صاحب کے سوال کے جواب میں لکھتے ہیں ومذہب منہ تعالی جواز الزوج بعد اربع سنین وتربص اربعۃ اشہر وعشرا۔ اخرج ابن ابی شیبۃ وعبد الرزاق والدارقطنی ومالک فی الموطا بطرق متعددۃ

عمر بن الخطاب وروی عبد الرزاق عن ابن عمر وابن عباس مثلہ وبہ قالت المالکیۃ وغیرہم وہو قوی من حیث الدلیل واصول الحنفیۃ ایضا تقتضی الافتاء بہ فان قول الصحابی فی ما لا یعقل بالرای فی حکم المرفوع عندہم فان جزم جواز الحنفیۃ ایضا الافتاء بہ فی موضع الضرورۃ کما فی جامع الرموز بعد ذکر مذہب مالک فلو افتی بہ فی موضع الضرورۃ ینبغی ان لا باس بہ فی ما اظن وذکر ابن وہبان فی منظومتہ انہ لو افتی بہ فی موضع الضرورۃ انتہی ومثلہ فی رد المحتار وغیرہ۔

خلاصہ ترجمہ اس کا یہ ہے کہ علمائے حنفیہ کے قواعد کا مقتضی یہ ہے کہ بحالت ضرورت غیر مذہب کا جو دلیل میں قوی ہو اس پر فتوی دینا جائز ہے کیونکہ صحابی کا قول اس مسئلے میں جو کہ رائے سے نہیں سمجھ سکتے ہیں، آنجناب کے فرمان کے حکم میں ہے، اس بیشک ضرورت کے مقام میں اس پر حنفیہ نے فتوی دینا جائز رکھا ہے جس طرح کہ مالک کے مذہب کا ذکر کرنے کے بعد جامع الرموز میں ذکر کیا ہے۔ سو میرے گمان میں بھی مقام ضرورت میں اس پر فتوی دینا درست ہے، اور ابن وہبان فقیہ حنفی نے بھی اپنے منظومہ قصیدہ میں اسی طرح ذکر کیا ہے، اور شامی رد المحتار وغیرہ میں بھی اسی طرح ہے، انتہی۔

اور اور معلوم ہو چکا ہے، کہ مفقود کی عورت کو عدت وفات گزارنے کے بعد نکاح ثانی کا حکم کرنا ہی بتلاتا ہے کہ چار سال کے بعد مفقود کو فوت شدہ مقرر کرنا ہے جس کا اثر ہے کہ اس کا ترکہ تقسیم کرنا درست ہوگا، اور چار سال گزارنے کے بعد جتنے وارث اس کے زندہ ہوں گے، وہ ہی وارث ہوں گے۔ واللہ اعلم

حررہ ابو تراب عبد التواب ملتانی تاب اللہ علیہ

الجواب صحیح۔ عبد الغفار غفر اللہ لہ الجیب مصیب۔ عبد الرشید عفا اللہ عنہ

نقل فتوی مولوی عبدالحق صاحب ملتانی

جو شخص مفقود الخبر ہے جس کو عرصہ اٹھائیس سال کا گذر گیا اس کی خبر نہیں کہ وہ زندہ ہے یا مردہ، تو اس کے مال کے متعلق فیصلہ شرعیہ یہ ہے کہ جو مال اس کے ضائع ہونے کا محتمل ہے، اس میں تو بطور ضمانت جیسے لقطہ (یا اتی ہوئی چیز ہیں) ہوتا ہے تصرف کرنا جائز ہے

مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

جلد دوم

ترجمہ اُردو

مجموعۃ الفتاوی

حضرت مولانا محمد عبدالحی فرنگی محلی لکھنوی
نور اللہ مرقدہٗ

شہزاد پبلشرز جان محمد روڈ انارکلی لاہور

کے گھر سے نکل جائیگا اندیشہ ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی
ابو الحسنات محمد عبد الحی

باب التفریق بالاعذار

سوال اگر حاکم نے کسیکو قید کرکے حبس دوام یا چودہ برس کے لئے ضلع سے خارج کر دیا تو کیا اسمیں اور اسکی زوجہ میں تفریق کرا دینا چاہیے جواب نہیں۔ در مختار میں ہے ولا یفرق بینہما بعجزہ عنہا ولا بعدم ایفاءہ لو غائبا حقہا ولو موسرا وجوزہ الشافعی باعسار الزوج وبتضررہا بغیبتہ ولو قضی بہ حنفی لم ینفذ نعم لو امر شافعیا فقضی بہ نفذ اذا لم یرتش الآمر والمامور یعنے شوہر اگر نان نفقہ دینے سے عاجز ہو یا غائب ہونے کیوجہ سے ایفاے حق نہ کرسکتا ہو پس اگر خوشحال ہو تو تفریق نہ کرائی جائیگی اور امام شافعی رحمہ اللہ علیہ نے اسے جائز رکھا ہے زوجہ کی تنگدستی اور اسکو غیبت زوج کی بدولت ضرر پہونچنے کیوجہ سے اگر حنفی اسکا حکم دے تو اسکا حکم نافذ نہوگا اور شافعی اگر حکم دے تو اسکا حکم نافذ ہوگا اگر آمر و مامور نے رشوت نہ لی ہو سوال اگر زوج کو جنون ہو تو زوجہ کی درخواست پر تفریق کرا دیجائیگی یا نہیں جواب اگر جنون حادث ہو جیسے عنین تو ایک برس کی مہلت دیجائیگی پھر بھی اگر اچھا نہو تو زوجہ کو اختیار ہے اور اگر جنون مطبق ہو تو فورا تفریق کرانا چاہیے مہلت دینے کی ضرورت نہیں ہے مجمع البرکات میں ہے ان کان بالزوج جنون او جذام او برص فلا خیار لہا وقال محمد لہا الخیار دفعا للضرر عنہا کما فی الجب والعنۃ کذا فی الکافی قال محمد ان کان الجنون حادثا یوجلہ سنۃ کالعنۃ ثم تخیر المرأۃ بعد الحول اذا لم یبرأ وان کان مطبقا فہو کالجب وبہ ناخذ کذا فی فتاوی العالمگیریۃ ناقلا من الحاوی یعنی اگر شوہر کو جنون یا جذام یا برص ہو تو بی بی کو خیار نہیں ہے اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک بغرض دفع ضرر خیار ہے جیسا کہ اگر زوج مقطوع الذکر یا عنین ہو ایسا ہی کافی میں ہے امام محمد کہتے ہیں اگر جنون حادث ہو تو ایک سال کی مہلت دیجائیگی جیسا کہ عنین کو دیجاتی ہے پھر ایک سال بعد عورت کو خیار ہے اگر شوہر اچھا نہو اور اگر جنون مطبق ہو تو اسکا حکم مجبوب کیطرح ہے ہم اسی پر عمل کرتے ہیں ایسا ہی عالمگیری میں حاوی سے نقل کیا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ابو الحسنات محمد عبد الحی